3. اسباق کی منصوبہ بندی (Lesson Planning)

(اگر آپ پلان بنانے میں ناکام ہو رہے ہیں؛ تو پھر آپ ناکامی کا پلان بنا رہے ہیں)

تعارف:

لیسن پلان دراصل ایک استاد کی جانب سے اِس بات کی تفصیلی وضاحت ہوتی ہے کہ سبق میں ہدایات کی ترتیب یا (طلبہ کے) "سیکھنے کی رفتار" کیسی ہوگی۔ کلاس میں ہونے والی تعلیم کو مد نظر رکھتے ہوئے ایک استاد روزانہ کا لیسن پلان تیار کرتا ہے۔ لیسن پلان کے بغیر ایک استاد کی بڑی سے بڑی خدمت بھی ادھوری سمجھی جائے گی اور لیسن پلان کا نہ ہونا اُس کے نہایت ہی غیر پیشہ ورانہ رویے کو ظاہر کرتا ہے۔ اِسی لیے بہتر یہی ہے کہ استاد لیسن پلان تیار کرنے کا اہتمام کرے اور بار بار اُس پر نظرثانی کرتا رہے۔ یاد رکھیں کہ اگر آپ پلان بنانے میں ناکام ہو رہے ہیں؛ تو پھر آپ ناکامی کا پلان بنا رہے ہیں۔

کلاس سے پہلے ایک مؤثر لیسن پلان تیار کر لیا جائے اور پھر کلاس ہو جانے کے بعد اُس کا اچھی طرح جائزہ لیا جائے؛ تاکہ دیکھا جاسکے کہ اُس میں اور کس طرح سے یا کس حد تک بہتری کی جا سکتی ہے۔ اِسی طرح لیسن پلان بناتے وقت طلبہ کی مختلف اقسام (دیکھ کر، سُن کر، محسوس کر کے سیکھنے والوں) کو خاص طور پر ذہن میں رکھنا چاہیے اور اُسی اعتبار سے اُس میں مناسب سرگرمیاں بھی شامل کرنا چاہیے۔ لیسن پلان کی تیاری کے دوران سیکھنے سے متعلق جو بنیادی تصورات ہیں اُنہیں بھی ذہن میں رکھا جائے تاکہ ہر قسم کے طلبہ کے لیے سیکھنے میں سہولت ہو اور اُنہیں سیکھنے کا عمل آسان لگے۔ یاد رکھیں کہ لیسن پلان کی مدد سے طالب علم کا سیکھنے میں مشغول ہونا ممکن بنایا جاسکتا ہے اور کورس کے ذریعے سے جو نتائج مطلوب ہیں اُنہیں حاصل کرنا آسان ہوتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ ایک استاد میں سالانہ، ماہانہ، ہفتہ واری، اور روزانہ کی ترتیب پر لیسن پلان تیار کرنے کی قابلیت ہونا چاہیے۔

پڑھنے کے کام (Reading Assignment):

(نوٹ: فائل کو اوپن کرنے کے لیے اُس پر کلک کریں)

- لیسن پلان بنانے کا ورکشاپ

- لیسن پلان کا نمونہ: 1
- لیسن پلان کا نمونہ: 2
- لیسن پلان کی دیگر فائلیں
- قاری عمران خان (PPTs)
- عام فہم اور سادہ لیسن پلان

- The Instructional Planning Self-Reflective Tool: A Method for Promoting Effective Lesson Planning
- Northern Illinois University. (n.d.). Gagne's 9 Events of Instruction. https://www.niu.edu/citl/resources/guides/instructional-guide/gagnes-nine-events-of-instruction.shtml

ان ویڈیوز کو دیکھیں: (دیکھنے کے لیے کلک کریں)

- ڈاکٹر عبدالعزیز عبدالرحیم صاحب
- قاری عمران صاحب
- عبداللہ محمود (بچوں کے لیے)

کرنے کے کام:

- لیسن پلان کے ورکشاپ میں دیے گئے اسائنمنٹ کو مکمل کریں (یہاں کلک کریں)
- لیسن پلان سے متعلق مختصر سوالات (Quizzes) حل کریں:
- سوالات-1 سوالات-2

پورٹ فولیو سے متعلق سرگرمی:

a) ”آؤ قرآن پڑھیں“ کتاب میں سے سکون والے سبق کا ایک مکمل لیسن پلان تیار کریں
b) ”آؤ قرآن سمجھیں“ کتاب سے سبق نمبر: 17 کا ایک مکمل لیسن پلان تیار کریں
c) لیسن پلان کا کون سا حصہ آپ کے لیے سب سے زیادہ دشوار اور چیلنج بھرا ہے؟
d) کیا لیسن پلان کے کچھ حصوں کو کم یا زیادہ کرنے کی گنجائش ہے؟

e) تصور کریں کہ آپ کی کلاس میں بعض بچے بہت اچھے طریقے سے سیکھ رہے ہیں؛ جبکہ بعض طلبہ کی سیکھنے کی رفتار سست ہے اور اُنہیں بنیادی چیزوں پر توجہ دینے کی ضرورت ہے۔ ایسی صورت میں آپ کا لیسن پلان کیسا ہونا چاہیے؟

f) پانچویں اور نویں کلاس کے طلبہ کے لیے ایک منٹ پر مشتمل 20 تربیتی نکات لکھیے

پروجیکٹ:

اگر آپ سافٹ ویئر وغیرہ سے واقفیت رکھتے ہوں تو "" نامی سافٹ ویر ڈاؤن لوڈ کریں اور ان اسباق کو "" میں اپڈیٹ کرتے رہیں۔ ورنہ اپنی کاپی میں ان لیسن پلان کو نوٹ کرلیں۔ الگ الگ رنگ کے پین، چارٹس، ڈایاگرامس اور پڑھانے کے لیے مناسب طریقے استعمال کریں اور اِسے ٹیچر ڈائری کے طور پر استعمال کریں۔